

موسیقی

## محترم موسیقی کے اُستاد

جب ہم موسیقی کی تعلیم کے اس خوب صورت سفر کا آغاز کر رہے ہیں تو یہ ہمارے لیے ایک موقع ہے کہ ہم طلبا کے دلوں میں موسیقی اور آرٹ کی محبت پیدا کریں اور انھیں یہ سکھائیں کہ وہ آزادانہ طور پر اپنے جذبات کا اظہار کریں۔ ہر بچہ فطری طور پر تخلیقی صلاحیتوں کا حامل ہوتا ہے اور بحیثیت استاد ہمارا فرض ہے کہ ہم کلاس روم کو ایک محفوظ جگہ بنائیں۔ جہاں ہر بچہ بغیر کسی خوف یا تنقید کے سیکھ سکے اور دریافت کر سکے۔ یہ کتاب آپ کے لیے رہنمائی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ یہاں رہنمائی کے چند اصول دیے گئے ہیں جو آپ کو ایک شاندار کلاس روم تجربے کے لیے تیار ہونے میں مدد دے سکتے ہیں۔

- کلاس کی شروعات مسکرا کر کریں، سب کو پیار سے سلام کریں، اور کچھ مزے دار مشقیں کروائیں تا کہ بچے سیکھنے کے لیے تیار ہو جائیں۔
- ہمیشہ تنبورا (چاہے وہ ساز ہو، الیکٹرانک ہو یا ایپ) یا ہارمونیم یا کی بورڈ کا استعمال کریں تا کہ بچے گاتے وقت سُر سے ہم آہنگ ہو سکیں۔
- کوشش کریں کہ کھیل اور سرگرمیوں کے وقت بچوں کے چلنے پھرنے کے لیے کافی جگہ ہو۔
- بچوں کی محنت کو جتنا ہو سکے سراہیں اور سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے ہمیشہ ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- جہاں تک ممکن ہو بچوں کو مختلف قسم کی لائیو میوزک سننے کا موقع دیں۔
- کوشش کریں کہ بچوں کو کسی پیش کش یا اسکول میں لائیو میوزک سننے کے لیے تعلیمی دورے پر لے جایا جائے۔
- اپنے شہر یا قصبے میں ایسے وسائل تلاش کریں جو بچوں کو موسیقی اور آرٹ کا تجربہ حاصل کرنے میں مدد کر سکیں۔
- اگر کلاس میں فائق یا ہنر مند طلبا ہوں تو ان کی صلاحیتوں کو کلاس اور اسکول کے کچھ پروگراموں میں پیش کرنے کے طریقے تلاش کریں۔
- اس حصہ کے گانوں کے صوتی نسخے اس باب کے QR کوڈ میں یا انٹرنیٹ پر دستیاب ہیں۔

ہر باب کے آخر میں تشکیلی جائزے کے لیے رہنما اصول دیے گئے ہیں جو سکون اور دلچسپی سے اور خاص طور پر کلاس میں توجہ کے ساتھ انجام دیے جائیں۔ اس حصہ کے آخر میں تکمیلی جائزے کی تجاویز دی گئی ہیں۔ جائزے کا مقصد بنیادی طور پر یہ دیکھنا ہے کہ بچے دی گئی صلاحیتوں تک پہنچ پاتے ہیں یا انھیں مزید مدد کی ضرورت ہے۔ بچوں کو ایسی عمدہ رائے دیں جو ان کی مدد کرے تا کہ وہ بہتر سیکھ سکیں۔

## پری پیریٹری سطح کی لیاقتیں

سی-1.1: جانی پہچانی موسیقی بجانے اور سیکھنے میں خوشی اور جوش دکھانا۔

سی-1.2: موسیقی میں مل کر کام کرتے ہوئے اپنے خیالات اور ردِ عمل کا اظہار کرنا۔

سی-2.1: موسیقی کے مختلف طریقوں سے (آواز، ساز، انفرادی، کسی کے ساتھ یا گروپ کی صورت میں) گیت اور لے کی مشق کرنا اور انھیں پیش کرنا۔

سی-2.2: کلاس میں متعارف کروائے گئے موسیقی کے مختلف انداز میں موسیقی کے اجزا (لَے، تال، سُر، بھاؤ)، بول اور اندازِ اظہار کا موازنہ کرنا اور فرق کو سمجھنا۔

سی-3.1: آواز، ساز اور موسیقی کی ترتیب کے ساتھ کام کرتے ہوئے، اپنی پسند سے انتخاب کرنا۔

سی-3.2: مظاہرہ کے لیے گانے کا انتخاب کرتے وقت اپنے خیالات دینا ہے اور مشقوں میں حصہ لینا۔

سی-4.1: قدرت میں موجود موسیقی کے عناصر کو پہچاننا اور ان کی فن کارانہ خصوصیات کو بیان کرنا۔

سی-4.2: مقامی آرٹ کی اصناف اور ثقافت کے بارے میں تجسس کا مظاہرہ کرنا۔

© NCERT not to be republished

وہ سرگرمیاں جنھیں ستارے کے نشان ★ سے نشان زد کیا گیا ہے کوئی بھی استاد انھیں کرا سکتا ہے، چاہے اسکول میں وسائل کم ہوں۔

## باب 9

# گایئے اور بجایئے





ہیلو ننھے فن کاروں! جب کہ ہم نیا تعلیمی سال شروع کر رہے ہیں تو یہ وقت ہے موسیقی کا! اس سال تم آوازوں، گانوں، سازوں اور دوسری بہت سی چیزوں کے بارے میں نئی باتیں سیکھنے جا رہے ہو تو بتاؤ کیا تم تیار ہو؟

- کسی بھی گانے کی سرگرمی شروع کرنے سے پہلے اپنی آواز کو تیار کرنا بہت ضروری ہے تاکہ ہم آسانی اور آزادی سے گا سکیں۔
- یہاں کچھ آسان مشقیں دی گئی ہیں جو آپ کی آواز کو گانے سے پہلے تیار کریں گی۔ ان میں سے کچھ آوازیں مزاحیہ لگ سکتی ہیں، لیکن یاد رکھیں کہ انھیں روزانہ کرنا بہت ضروری ہے۔

4437CH09

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 9.1 آواز کی تیاری کی مشقیں (Vocal Waram Ups)

### 1. گنگنانا (Hum)

اپنے ہونٹوں کو آپس میں ملاکر ''م م م م م'' کی آواز نکالیں۔ ایک ہی سُر پر آواز کو لمبا اور ہموار رکھنے کی کوشش کریں۔ آپ کو اپنے ہونٹوں پر ہلکی سی گدگدی یا سنسناہٹ محسوس ہوگی۔

اب 'م م م م' کی آواز نیچے سُر سے شروع کریں اور ایک ہی سانس میں اسے اونچے سُر تک لے جائیں پھر واپس نیچے لائیں۔ ایسا کئی بار کریں۔ یہ مشق آپ کی آواز کو نرمی سے جگاتی ہے تاکہ آپ گانے کے لیے تیار ہو جائیں۔



**دل چسپ سرگرمی: سیٹی بجانا**

کیا آپ سیٹی بجا سکتے ہیں؟ اپنے ہونٹوں کو گول کریں اور ان کے درمیان سے ہوا پھونکیں تاکہ آواز پیدا ہو۔

- جب آپ سیٹی کی آواز نکال سکیں، تو ایک لمبی اور ہموار آواز بنائیں۔ یہ ہوا کے بہاؤ کو قابو میں رکھنے میں مدد کرتا ہے، جو گانے کے لیے بہت ضروری ہے۔
- آپ سیٹی کو نیچے سے اوپر سُر اور اوپر سے نیچے سُر تک بھی بجا سکتے ہیں۔ اس سرگرمی کا لطف اٹھائیں۔

### 2. ہونٹوں کی حرکت (Lip Trills)

اپنے ہونٹوں کو آپس میں ملاکر ہوا پھونکیں اس سے موٹر سائیکل کی آواز پیدا ہوگی۔ ہوا اور آواز کو جتنا ہو سکے اتنا ہموار اور مسلسل رکھیں۔ آپ اسے اُونچے اور نیچے سُر میں بھی کر سکتے ہیں جیسے گنگنانے کی مشق میں کیا تھا۔ اس مشق سے لطف اندوز ہوں۔

ہونٹوں کی حرکت ایک اہم آواز کی مشق ہے اور ایک ہموار آواز پیدا کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔

© NCERT not to be republished

## 3. سرگم پیٹرن (Sargam Patterns)

اب آپ کو وہ سادہ سرلی، وارثائی یا شدھ سوَر سپتک یاد آ سکتی ہے جو آپ نے پچھلے سال سیکھی تھی۔ آیئے، اسے دوبارہ دیکھیں:

سا رے گا ما پا دھا نی سا
سا نی دھا پا ما گا رے سا

اور یہ اس طرح لکھا جاتا ہے:

سا رے گا ما پا دھا نی سا

اسے کئی بار گایئے۔

اگر ہر سُر کو دو بار گائیں، تو وہ جنتی وارِثائی بنتا ہے جو ہم نے پچھلے سال سیکھا تھا۔

ساسا رےرے گاگا ماما پاپا دھادھا نی‌نی ساسا
ساسا نی‌نی دھادھا پاپا ماما گاگا رےرے ساسا

آپ آن لائن مزید جنتی وارثائی تلاش کر کے سیکھ سکتے ہیں اور گا کر مشق کر سکتے ہیں۔

آپ چاہیں تو ہر سُر کو تین بار بھی گا سکتے ہیں۔ ان مشقوں کو سرگم پیٹرنز بھی کہا جاتا ہے۔

کیا آپ سُروں کے بہاؤ کے پیٹرن کے مطابق خالی جگہوں کو پُر کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں؟

جب آپ خالی جگہیں پُر کر لیں تو ان پیٹرن کو گا کر دہرائیں۔

1. سارے گا سارے گا، رے گاما رے گاما، گاماپا گاماپا،
ماپادھا ماپادھا، پادھانا پادھانا، دھانی سا، دھانی سا
سانی دھا سانی دھا، نی_ پا نی دھاپا، دھاپاما دھا_ما، پاماگا
پا _گا، ما_رے _ گارے، _ _سا گارے سا

2. سارے گا رے گاپا گاپادھا_____ _____
سانی دھاپا نی دھاپاما دھاپاماگا _____ _____



© NCERT not to be republished

## سرگرمی 9.2 آواز ملائیں

جب ہم گاتے ہیں تو یہ اچھا ہوتا ہے کہ ہم اپنی آواز کا سُر کسی ساز جیسے کہ تنبورا، ہارمونیم یا کی بورڈ کے سُر سے ملائیں۔ اگر آپ کے پاس کوئی ساز نہیں ہے، تو آپ اپنے فون یا ٹیبلیٹ پر تنبورا یا تانپورا کی ایپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

جب تنبورا بج رہا ہو تو کوشش کریں کہ آپ بھی وہی سُر گائیں جو بالکل اُس سے میل کھائے۔ ’آاااا‘ کی آواز میں یا لمبا سُر نکالیں۔ پھر یوں گائیں:

سا رے گا ما پا دھا نی سا

نیچے والے ’سا‘ سے شروع کر کے اوپر والے ’سا‘ تک لے جاتے ہیں تو اسے سپتک، استھائی یا اوکٹیو کہا جاتا ہے۔





## سرگرمی 9.3 اپنی آواز کی حد تلاش کریں

تانپورا، ہارمونیم، کی بورڈ یا اسی طرح کے کسی ساز کا استعمال کرتے ہوئے یہ جاننے کی کوشش کریں کہ آپ کتنے سُر گا سکتے ہیں۔ اپنی آواز کے سب سے نیچے والے آسان سُر سے شروع کریں اور پھر اوپر کے سُر تک جائیں جہاں تک آپ آسانی سے گا سکتے ہیں۔

اپنا سب سے نیچے والا سُر یہاں لکھیں : ________

اپنا سب سے اوپر والا سُر یہاں لکھیں : ________

جو سُر آپ کے لیے گانا آسان اور آرام دہ ہوں ان سُروں کے مجموعے کو آپ کی رینج (Range) کہا جاتا ہے۔

**استاد کے لیے نوٹ**

بچوں کی مدد کریں تا کہ وہ اپنے سب سے نیچے اور سب سے اوپر والے سُروں کی شناخت کر سکیں چاہے وہ سُر یا شروتی کے ناموں سے ہوں یا پھر مغربی سُروں کے ذریعے۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 9.4 جانوروں اور پرندوں کی آوازیں

کیا آپ کچھ جانوروں اور پرندوں کی فہرست دے سکتے ہیں جو اونچی آوازیں پیدا کرتے ہیں؟

کیا آپ کچھ جانوروں اور پرندوں کی فہرست دے سکتے ہیں جو نچلی آوازیں پیدا کرتے ہیں؟

### کیا آپ جانتے ہیں؟

مندرجہ بالا گلوکاری کی مشقوں کی مدد سے آپ وقت کے ساتھ اپنی آواز کی حد (Range) بڑھا سکتے ہیں۔ فن کار جیسے پنڈت جسراج، ڈاکٹر ایم بالامرلی کرشنا اور پروین سلطانہ اپنی وسیع آواز کی حدود کے لیے مشہور ہیں۔


پنڈت جسراج


ڈاکٹر ایم بالامرلی کرشنا


پروین سلطانہ

© NCERT not to be republished

## گیت: آڈونا بنّی
### روایتی لوک گیت



بہت سی موسیقی کھیل اور مزاح سے بھر پور ہوتی ہے۔ چلیں ہم کنڑ زبان کا ایک گیت سیکھتے ہیں جو سننے والوں کو مدعو کرتا ہے کہ وہ آئیں، رقص کریں، کھیلیں اور خوشیاں منائیں۔

گیت کا لنک: *http://tinyurl.com/Aadona-Banni*

آڈونا بنّی کنّا مچا لے
تھوگونا بنّی اُیا لے
جیوناوندوناٹکا شا لے
ناویلا کُنیووا نرتھنا شا لے
اُیا لے، چمپا لے
آڈونا بنّی…
سُتھّالوچلیدے رنگو رنگو لے
سُتھّالوچلیدے رنگو رنگو لے
بلوکوتھابارولوون ما لے
بھردندابندوپچیا شا لے
توگاڑی کرے دو تنگنا شا لے
اُیا لے، چمپا لے
آڈونا بنّی…
ہکّیگَلنچرکریو لے
ہکّیگَلنچرکریو لے
کُنیُتا برولو ناوّوا لے
امپو امپنا کمپوکوگیلے
رمپنوسوسواہوگل ما لے
اُیا لے، چمپا لے
آڈونا بنّی…
اُیا لے، چمپا لے
چمپا لے، اُیا لے

یہ گیت جب گروپ میں گایا جاتا ہے تو بہت خوب صورت لگتا ہے۔

© NCERT not to be republished

جائزہ — باب 9 : گایئے اور بجایئے

| لیاقتیں | آموزشی ماحصل | استاد | طالب علم |
| --- | --- | --- | --- |
| سی-1.1 | سُر اور تال کے ساتھ روانی سے گانا گانے کے قابل ہونا۔ | | |
| سی-1.2 | براہِ راست موسیقی یا کیراوکے کے ساتھ گروپ میں گانے کے قابل ہونا۔ | | |
| سی-1.1 | گلوکاری کی وارم اپ مشقیں، سرگم پیٹرن، اور سانس کی مشقیں کرنا۔ | | |
| سی-1.1 | کلاس میں جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لینا۔ | | |

© NCERT not to be republished

طالب علم کے اوصاف کے بارے میں استاد کے تاثرات ________________

________________

طالب علم کی کمیوں کے بارے میں استاد کے تاثرات ________________

________________

کوئی اور مشاہدہ ________________

________________